
پندرہ سالہ ثمیری کیلنڈر

از 2026ء تا 2040ء

از شعبان ۱۴۴۷ھ تا ذی الحجہ ۱۴۶۲ھ

برائے پاکستان

اس کیلنڈر میں چاند کی پوزیشن اتنی اصلی ہے کہ اسی کی تاریخ پر پہلے سے چھٹی بک کرا سکتے ہیں



شائع کردہ، مکتبہ ثمیر، مانچیسٹر، انگلینڈ، فون 0044 7459131157

نام کتاب ــــــــ پندرہ سالہ ثمیری کیلنڈر
نام مؤلف ــــــــ مولانا ثمیر الدین قاسمی
ناشر ــــــــ مکتبہ ثمیر، مانچیسٹر، انگلینڈ
طباعت ــــــــ باراول جنوری ۲۰۲۶ء

مؤلف کا پتہ

Maulana Samiruddin Qasmi
70 Stamford Street , Old trafford
Manchester,England -M16 9LL
E samiruddinqasmi@gmail.com
Mobile (00 44) 07459131157

پاکستان میں رابطے کے لئے
حضرت مولانا معاذ صاحب، لاہور
فون نمبر 0092 334448103

یہ کیلنڈر پورے پاکستان کے لئے ہے

اس کیلنڈر کو کراچی ، پاکستان کے طول بلد اور عرض بلد پر بنایا ہے، اس لئے کہ وہ پاکستان مین شہر ہے، لیکن چونکہ ایک ملک کا اتحاد مطلع ہوتا ہے اس لئے یہاں نظر آجائے تو پورے ملک کے لئے کافی ہے۔۔ کراچی کا طول بلد اور عرض بلد یہ ہے۔

67;00E 24;51N

h m almanac سے اگلے پندرہ سال کا ٹائم لیکر اس کیلنڈر کو مرتب کیا ہے

اس کیلنڈر کو 10 ڈگری پر بنایا ہے، کیونکہ عام آنکھوں سے اسی وقت سے نظر آنا شروع ہوتا ہے

اگر چہ پہلے بنوکلور سے چاند دیکھ لیں، پھر اسی جگہ پر غور کر کے دیکھیں اور مطلع بالکل صاف ہو تو 9 ڈگری چاند اونچا ہو اور اس کی عمر ۱۷ گھنٹے سے اوپر ہوں تو مشکل سے کھلی آنکھ سے دیکھنے کی بھی شہادت ہے، لیکن یہ عام بات نہیں ہے

عام حالات میں 10 ڈگری پر چاند نظر آتا ہے

عام حالات میں تو 10 دگری چاند ہو تب ہی نظر آتا ہے، لیکن اگر کوئی ہائی لیول کا بنوکلور سے پہلے چاند دیکھ لے، پھر غور کر کے اسی جگہ دیکھے تو 9 ڈگری چاند ہو اور چاند کی عمر 17 گھنٹے سے اوپر ہو چکی ہو تو اس آدمی کو چاند مشکل سے نظر آسکتا ہے، اور اگر 9 ڈگری سے کم ہو چھ ڈگری اور سات ڈگری ہو تو صرف بنوکلور سے چاند نظر آتا ہے، ابھی کی ٹیکنولوجی اتنی تیز ہے، البتہ وہ کھلی آنکھ سے نظر نہیں آئے گا

ابھی ۲۷ مئی ۲۰۲۵ء کو محترم جنید بھائی پٹیل، بولٹن، انگلینڈ اور ان کے تین ساتھیوں نے پرتوگول میں چاند دیکھا ہے، چاند کی عمر 17 گھنٹے 10 منٹ تھی، اور 9 ڈگری اونچا تھا، انہوں نے پہلے بنوکلور سے دیکھا، اس کے بعد کھلی آنکھ سے بھی دیکھا ہے، لیکن عام حالات میں 10 ڈگری کے بعد ہی چاند نظر آتا ہے، اور اس کی عمر 19 گھنٹے سے اوپر ہو

والسلام

ثمیر الدین قاسمی

پندرہ سالہ ثمیری کیلنڈر کی خصوصیات

1	یہ کیلنڈر اس لئے بنایا گیا ہے تا کہ پہلے سے چھٹی بک کرانے میں آسانی ہو
2	یہ کیلنڈر اس لئے بنایا گیا تا کہ جھوٹی گواہی نہ لیں ،اور پورا ملک ایک ہی تاریخ متعین کرے،اور اتحاد باقی رہے
3	اسی کی تاریخ پر چاند نظر آئے گا ،اس سے پہلے جو گواہی دیتا ہے وہ گواہی جھوٹی ہے، کیونکہ جب چاند آسمان پر نظر
4	آنے کے قابل ہے ہی نہیں تو اس نے دیکھا کیا!
5	اس کیلنڈر میں ساری تاریخیں h m nautical almanac office سے لیا ہے جو ناسا کا حصہ ہے،
6	اور چاند کی ساری معلومات ،اور ساری پوزیشن اصلی دیتا ہے
7	اس کیلنڈر میں ہر ماہ میں، نیو مون ٹائم ۔چاند کی عمر، چاند افق پر کتنا منٹ رہے گا، چاند کتنی ڈگری اونچا رہے گا،
8	یہ سب چیزیں h m nautical almanac office سے لیکر ڈالا ہوں جو تقریبا اصلی ہے
9	اس کیلنڈر میں ہر ماہ میں time and date کا کیلنڈر بھی ڈال دیا ہے، تا کہ اصل تاریخ دیکھ سکیں کیلنڈر
10	چاند 10 ڈگری اونچا ہو تب ہی نظر آئے گا ۔اسی فارمولے پر یہ کیلنڈر بنایا گیا ہے
11	اس کیلنڈر میں moonsighting.com سے پوری دنیا کا چاند کا نقشہ بھی دیا ہے، تا کہ اس کے رنگوں سے بھی پتہ لگا لے کہ چاند کہاں نظر آئے گا، کہاں نہیں
12	اس کیلنڈر میں پاکستان کے ساتھ پندرہ سال کی سعودی تاریخ بھی ہے، تا کہ حج کرنے میں آسانی ہو
13	یہ کیلنڈر کراچی کے عرض بلد اور طول بلد پر بنایا ہے، لیکن پورے ہندوستان کے لئے ہے
14	یہ کیلنڈر صرف ایک گائڈ کے لئے ہے، لیکن عبادات پر عمل چاند دیکھنے کے بعد ہی کیا جائے گا
15	h m nautical almanac office کا ای میل یہ ہے اس سے آپ کسی بھی ملک کی تاریخ مانگ سکتے ہیں وہ دے دیتے ہیں، customerservices@ukho.gov.uk
16	یہ کیلنڈر عام فہم اور آسان بنایا گیا ہے

پاکستان اورسعودی میں
پندرہ سال تک تہوار کب ہوگا ایک نظر میں

پاکستان کے ساتھ سعودی تاریخ بھی اس لئے پیش کرر ہا ہوں تا کہ کسی کو حج میں جانا ہو یا عمرہ میں جانا ہوتو وہ سعودی تاریخ سے فائدہ اٹھا سکے،اوراس کی تاریخ پر حج بک کر سکے

نوٹ :۔ یہ نوٹ کرنے کی چیز ہے کہ سعودی پاکستان سے صرف دو گھنٹے کے فاصلے پر ہے،اور بہت قریب ہے،اس لئے ہر سال دس مہینے میں دونوں کو ایک ساتھ چاند نظر آئے گا،اور صرف دو ماہ میں سعودی کو ایک دن پہلے چاند نظر آئے گا،لیکن چونکہ اس کا تیس سالہ کیلنڈر رویت سے ایک دن پہلے پر بنا ہوا ہے،اس لئے پورے کیلنڈر میں دیکھیں گے کہ سعودی کی تاریخ ہندوستان ،اور پاکستان سے ایک دن پہلے ہے، وہ حضرات اسی مقدم کیلنڈر پر ایک گواہی مرصد تمیر، یا مرصد سدیر سے کھڑی کرتے ہیں، جو جھوٹی ہوتی ہے،اوراسی پر اعلان کر دیتے ہیں، لیکن چونکہ تقدس حرمین ہے،اس لئے اس پر یقین کر لیتے ہیں ۔۔اس لئے اس کی تاریخ پر اعلان کرنے سے احتیاط کرنی چاہیے

2026ء

مہینہ	ملک	کس تاریخ کو تہوار ہوگا	
شب برأت ۱۴۴۷ھ	پاکستان میں 15 شعبان	3 فروری بروز منگل کی شام سے 2026ء	
شب برأت ۱۴۴۷ھ	سعودی میں 15 شعبان	2 فروری بروز پیر کی شام سے 2026ء	
رمضان ۱۴۴۷ھ	پاکستان میں رمضان	19 فروری بروز جمعرات 2026ء	
رمضان ۱۴۴۷ھ	سعودی میں رمضان	18 فروری بروز بدھ 2026ء	
عیدالفطر ۱۴۴۷ھ	پاکستان میں عیدالفطر	21 مارچ بروز سنیچر 2026ء	
عیدالفطر ۱۴۴۷ھ	سعودی میں عیدالفطر	20 مارچ بروز جمعہ 2026ء	
بقرعید ۱۴۴۷ھ	پاکستان میں بقرعید	28 مئی بروز جمعرات 2026ء	
بقرعید ۱۴۴۷ھ	سعودی میں بقرعید	27 مئی بروز بدھ 2026ء	
دس محرم ۱۴۴۸ھ	پاکستان میں دس محرم	26 جون بروز جمعہ 2026ء	
دس محرم ۱۴۴۸ھ	سعودی میں دس محرم	25 جون بروز جمعرات 2026ء	

پاکستان اور سعودی میں تہوار کب ہوگا 2027ء

مہینہ	ملک	کس تاریخ کو تہوار ہوگا	
شب برأت ۱۴۴۸ھ	پاکستان میں 15 شعبان	23 جنوری بروز سنیچر کی شام سے 2027ء	
شب برأت ۱۴۴۸ھ	سعودی میں 15 شعبان	22 جنوری بروز جمعہ کی شام سے 2027ء	
رمضان ۱۴۴۸ھ	پاکستان میں رمضان	9 فروری بروز منگل 2027ء	
رمضان ۱۴۴۸ھ	سعودی میں رمضان	8 فروری بروز پیر 2027ء	
عیدالفطر ۱۴۴۸ھ	پاکستان میں عیدالفطر	10 مارچ بروز بدھ 2027ء	
عیدالفطر ۱۴۴۸ھ	سعودی میں عیدالفطر	9 مارچ بروز منگل 2027ء	
بقرعید ۱۴۴۸ھ	پاکستان میں بقرعید	17 مئی بروز پیر 2027ء	
بقرعید ۱۴۴۸ھ	سعودی میں بقرعید	16 مئی بروز اتوار 2027ء	
دس محرم ۱۴۴۹ھ	پاکستان میں دس محرم	16 جون بروز بدھ 2027ء	
دس محرم ۱۴۴۹ھ	سعودی میں دس محرم	15 جون بروز منگل 2027ء	

2028ء

شب برأت ۱۴۴۹ھ	پاکستان میں 15 شعبان	12 جنوری بروز بدھ کی شام سے 2028ء	
شب برأت ۱۴۴۹ھ	سعودی میں 15 شعبان	11 جنوری بروز منگل کی شام سے 2028ء	
رمضان ۱۴۴۹ھ	پاکستان میں رمضان	29 جنوری بروز سنیچر 2028ء	
رمضان ۱۴۴۹ھ	سعودی میں رمضان	28 جنوری بروز جمعہ 2028ء	
عیدالفطر ۱۴۴۹ھ	پاکستان میں عیدالفطر	27 فروری بروز اتوار 2028ء	
عیدالفطر ۱۴۴۹ھ	سعودی میں عیدالفطر	26 فروری بروز سنیچر 2028ء	
بقرعید ۱۴۴۹ھ	پاکستان میں بقرعید	6 مئی بروز سنیچر 2028ء	
بقرعید ۱۴۴۹ھ	سعودی میں بقرعید	5 مئی بروز جمعہ 2028ء	
دس محرم ۱۴۵۰ھ	پاکستان میں دس محرم	4 جون بروز اتوار 2028ء	
دس محرم ۱۴۵۰ھ	سعودی میں دس محرم	3 جون بروز سنیچر 2028ء	

پاکستان اور سعودی میں تہوار کب ہوگا 2029ء

مہینہ	ملک	کس تاریخ کو تہوار ہوگا	
رمضان ۱۴۵۰ھ	پاکستان میں رمضان	17 جنوری بروز بدھ 2029ء	
رمضان ۱۴۵۰ھ	سعودی میں رمضان	16 جنوری بروز منگل 2029ء	
عیدالفطر ۱۴۵۰ھ	پاکستان میں عیدالفطر	15 فروری بروز جمعرات 2029ء	
عیدالفطر ۱۴۵۰ھ	سعودی میں عیدالفطر	14 فروری بروز بدھ 2029ء	
بقرعید ۱۴۵۰ھ	پاکستان میں بقرعید	25 اپریل بروز بدھ 2029ء	
بقرعید ۱۴۵۰ھ	سعودی میں بقرعید	24 اپریل بروز منگل 2029ء	
دس محرم ۱۴۵۱ھ	پاکستان میں دس محرم	25 مئی بروز جمعہ 2029ء	
دس محرم ۱۴۵۱ھ	سعودی میں دس محرم	23 مئی بروز بدھ 2029ء	
شب برأت ۱۴۵۱ھ	پاکستان میں 15 شعبان	21 دسمبر بروز جمعہ کی شام سے 2029ء	
شب برأت ۱۴۵۱ھ	سعودی میں 15 شعبان	20 دسمبر بروز جمعرات کی شام سے 2029ء	

2030ء

رمضان ۱۴۵۱ھ	پاکستان میں رمضان	6 جنوری بروز اتوار 2030ء	
رمضان ۱۴۵۱ھ	سعودی میں رمضان	5 جنوری بروز سنیچر 2030ء	
عیدالفطر ۱۴۵۱ھ	پاکستان میں عیدالفطر	5 فروری بروز منگل 2030ء	
عیدالفطر ۱۴۵۱ھ	سعودی میں عیدالفطر	4 فروری بروز پیر 2030ء	
بقرعید ۱۴۵۱ھ	پاکستان میں بقرعید	14 اپریل بروز اتوار 2030ء	
بقرعید ۱۴۵۱ھ	سعودی میں بقرعید	13 اپریل بروز سنیچر 2030ء	
دس محرم ۱۴۵۲ھ	پاکستان میں دس محرم	14 مئی بروز منگل 2030ء	
دس محرم ۱۴۵۲ھ	سعودی میں دس محرم	13 مئی بروز پیر 2030ء	
رمضان ۱۴۵۲ھ	پاکستان میں رمضان	26 دسمبر بروز جمعرات 2030ء	
رمضان ۱۴۵۲ھ	سعودی میں رمضان	26 دسمبر بروز جمعرات 2030ء	

پاکستان اور سعودی میں تہوار کب ہوگا 2031ء

مہینہ	ملک	کس تاریخ کو تہوار ہوگا	
عیدالفطر ۱۴۵۲ھ	پاکستان میں عیدالفطر	25 جنوری بروز سنیچر 2031ء	
عیدالفطر ۱۴۵۲ھ	سعودی میں عیدالفطر	24 جنوری بروز جمعہ 2031ء	
بقرعید ۱۴۵۲ھ	پاکستان میں بقرعید	3 اپریل بروز جمعرات 2031ء	
بقرعید ۱۴۵۲ھ	سعودی میں بقرعید	2 اپریل بروز بدھ 2031ء	
دس محرم ۱۴۵۳ھ	پاکستان میں دس محرم	3 مئی بروز سنیچر 2031ء	
دس محرم ۱۴۵۳ھ	سعودی میں دس محرم	2 مئی بروز جمعہ 2031ء	
شب برأت ۱۴۵۳ھ	پاکستان میں 15 شعبان	30 نومبر بروز اتوار کی شام سے 2031ء	
شب برأت ۱۴۵۳ھ	سعودی میں 15 شعبان	29 نومبر بروز سنیچر کی شام سے 2031ء	
رمضان ۱۴۵۳ھ	پاکستان میں رمضان	16 دسمبر بروز منگل 2031ء	
رمضان ۱۴۵۳ھ	سعودی میں رمضان	15 دسمبر بروز پیر 2031ء	

2032ء

عیدالفطر ۱۴۵۳ھ	پاکستان میں عیدالفطر	15 جنوری بروز جمعرات 2032ء	
عیدالفطر ۱۴۵۳ھ	سعودی میں عیدالفطر	14 جنوری بروز بدھ 2032ء	
بقرعید ۱۴۵۳ھ	پاکستان میں بقرعید	22 مارچ بروز پیر 2032ء	
بقرعید ۱۴۵۳ھ	سعودی میں بقرعید	22 مارچ بروز پیر 2032ء	
دس محرم ۱۴۵۴ھ	پاکستان میں دس محرم	21 اپریل بروز بدھ 2032ء	
دس محرم ۱۴۵۴ھ	سعودی میں دس محرم	20 اپریل بروز منگل 2032ء	
شب برأت ۱۴۵۴ھ	پاکستان میں 15 شعبان	18 نومبرر بروز جمعرات کی شام سے 2032ء	
شب برأت ۱۴۵۴ھ	سعودی میں 15 شعبان	17 نومبر بروز بدھ کی شام سے 2032ء	
رمضان ۱۴۵۴ھ	پاکستان میں رمضان	5 دسمبر بروز اتوار 2032ء	
رمضان ۱۴۵۴ھ	سعودی میں رمضان	4 دسمبر بروز سنیچر 2032ء	

پاکستان اور سعودی میں تہوار کب ہوگا 2033ء

مہینہ	ملک	کس تاریخ کو تہوار ہوگا	
عیدالفطر ۱۴۵۴ھ	پاکستان میں عیدالفطر	3 جنوری بروز پیر 2033ء	
عیدالفطر ۱۴۵۴ھ	سعودی میں عیدالفطر	2 جنوری بروز اتوارہ 2033ء	
بقرعید ۱۴۵۴ھ	پاکستان میں بقرعید	12 مارچ بروز سنیچر 2033ء	
بقرعید ۱۴۵۴ھ	سعودی میں بقرعید	11 مارچ بروز جمعہ 2033ء	
شب برأت ۱۴۵۵ھ	پاکستان میں 15 شعبان	7 نومبر بروز پیر کی شام سے 2033ء	
شب برأت ۱۴۵۵ھ	سعودی میں 15 شعبان	6 نومبر بروز اتوار کی شام سے 2033ء	
رمضان ۱۴۵۵ھ	پاکستان میں رمضان	24 نومبر بروز جمعرات 2033ء	
رمضان ۱۴۵۵ھ	سعودی میں رمضان	23 دسمبر بروز بدھ 2033ء	
عیدالفطر ۱۴۵۵ھ	پاکستان میں عیدالفطر	24 دسمبر بروز سنیچر 2033ء	
عیدالفطر ۱۴۵۵ھ	سعودی میں عیدالفطر	23 دسمبر بروز جمعہ 2033ء	

2034ء

مہینہ	ملک	کس تاریخ کو تہوار ہوگا	
بقرعید ۱۴۵۵ھ	پاکستان میں بقرعید	2 مارچ بروز جمعرات 2034ء	
بقرعید ۱۴۵۵ھ	سعودی میں بقرعید	1 مارچ بروز بدھ 2034ء	
دس محرم ۱۴۵۶ھ	پاکستان میں دس محرم	31 مارچ بروز جمعہ 2034ء	
دس محرم ۱۴۵۶ھ	سعودی میں دس محرم	30 مارچ بروز جمعرات 2034ء	
شب برأت ۱۴۵۶ھ	پاکستان میں 15 شعبان	27 اکتوبر بروز جمعہ کی شام سے 2034ء	
شب برأت ۱۴۵۶ھ	سعودی میں 15 شعبان	26 اکتوبر بروز جمعرات کی شام سے 2034	
رمضان ۱۴۵۶ھ	پاکستان میں رمضان	13 نومبر بروز پیر 2034ء	
رمضان ۱۴۵۶ھ	سعودی میں رمضان	12 نومبر بروز اتوار 2034ء	
عیدالفطر ۱۴۵۶ھ	پاکستان میں عیدالفطر	13 دسمبر بروز بدھ 2034ء	
عیدالفطر ۱۴۵۶ھ	سعودی میں عیدالفطر	12 دسمبر بروز منگل 2034ء	

پاکستان اور سعودی میں تہوار کب ہوگا 2035ء

مہینہ	ملک	کس تاریخ کو تہوار ہوگا	
بقرعید ۱۴۵۶ھ	پاکستان میں بقرعید	19 فروری بروز پیر 2035ء	
بقرعید ۱۴۵۶ھ	سعودی میں بقرعید	18 فروری بروز اتوار 2035ء	
دس محرم ۱۴۵۷ھ	پاکستان میں دس محرم	21 مارچ بروز بدھ 2035ء	
دس محرم ۱۴۵۷ھ	سعودی میں دس محرم	20 مارچ بروز منگل 2035ء	
شب برأت ۱۴۵۷ھ	پاکستان میں 15 شعبان	16 اکتوبر بروز منگل کی شام سے 2035ء	
شب برأت ۱۴۵۷ھ	سعودی میں 15 شعبان	15 اکتوبر بروز پیر کی شام سے 2035	
رمضان ۱۴۵۷ھ	پاکستان میں رمضان	2 نومبر بروز جمعہ 2035ء	
رمضان ۱۴۵۷ھ	سعودی میں رمضان	1 نومبر بروز جمعرات 2035ء	
عیدالفطر ۱۴۵۷ھ	پاکستان میں عیدالفطر	2 دسمبر بروز اتوار 2035ء	
عیدالفطر ۱۴۵۷ھ	سعودی میں عیدالفطر	1 دسمبر بروز سنیچر 2035ء	

2036ء

بقرعید ۱۴۵۷ھ	پاکستان میں بقرعید	8 فروری بروز جمعہ 2036ء	
بقرعید ۱۴۵۷ھ	سعودی میں بقرعید	7 فروری بروز جمعرات 2036ء	
دس محرم ۱۴۵۸ھ	پاکستان میں دس محرم	9 مارچ بروز اتوار 2036ء	
دس محرم ۱۴۵۸ھ	سعودی میں دس محرم	8 مارچ بروز سنیچر 2036ء	
شب برأت ۱۴۵۸ھ	پاکستان میں 15 شعبان	5 اکتوبرر بروزاتوار کی شام سے 2036ء	
شب برأت ۱۴۵۸ھ	سعودی میں 15 شعبان	4 اکتوبرر بروز سنیچر کی شام سے 2036	
رمضان ۱۴۵۸ھ	پاکستان میں رمضان	21 اکتوبر بروز منگل 2036ء	
رمضان ۱۴۵۸ھ	سعودی میں رمضان	20 اکتوبر بروز پیر 2036ء	
عیدالفطر ۱۴۵۸ھ	پاکستان میں عیدالفطر	20 نومبر بروز جمعرات 2036ء	
عیدالفطر ۱۴۵۸ھ	سعودی میں عیدالفطر	19 نومبر بروز بدھ 2036ء	

پاکستان اور سعودی میں تہوار کب ہوگا 2037ء

مہینہ	ملک	کس تاریخ کو تہوار ہوگا	
بقرعید ۱۴۵۸ھ	پاکستان میں بقرعید	27 جنوری بروز منگل 2037ء	
بقرعید ۱۴۵۸ھ	سعودی میں بقرعید	26 جنوری بروز پیر 2037ء	
دس محرم ۱۴۵۹ھ	پاکستان میں دس محرم	26 فروری بروز جمعرات 2037ء	
دس محرم ۱۴۵۹ھ	سعودی میں دس محرم	25 فروری بروز بدھ 2037ء	
شب برأت ۱۴۵۹ھ	پاکستان میں 15 شعبان	24 ستمبر بروز جمعرات کی شام سے 2037	
شب برأت ۱۴۵۹ھ	سعودی میں 15 شعبان	23 ستمبر بروز بدھ کی شام سے 2037ء	
رمضان ۱۴۵۹ھ	پاکستان میں رمضان	11 اکتوبر بروز اتوار 2037ء	
رمضان ۱۴۵۹ھ	سعودی میں رمضان	10 اکتوبر بروز سنیچر 2037ء	
عیدالفطر ۱۴۵۹ھ	پاکستان میں عیدالفطر	9 نومبر بروز پیر 2037ء	
عیدالفطر ۱۴۵۹ھ	سعودی میں عیدالفطر	8 نومبر بروز اتوار 2037ء	

2038ء

بقرعید ۱۴۵۹ھ	پاکستان میں بقرعید	17 جنوری بروز اتوار 2038ء	
بقرعید ۱۴۵۹ھ	سعودی میں بقرعید	16 جنوری بروز سنیچر 2038ء	
دس محرم ۱۴۶۰ھ	پاکستان میں دس محرم	19 فروری بروز جمعہ 2038ء	
دس محرم ۱۴۶۰ھ	سعودی میں دس محرم	18 فروری بروز جمعرات 2038ء	
شب برأت ۱۴۶۰ھ	پاکستان میں 15 شعبان	14 ستمبر بروز منگل کی شام سے 2038ء	
شب برأت ۱۴۶۰ھ	سعودی میں 15 شعبان	13 ستمبر بروز پیر کی شام سے 2038ء	
رمضان ۱۴۶۰ھ	پاکستان میں رمضان	1 اکتوبر بروز جمعہ 2038ء	
رمضان ۱۴۶۰ھ	سعودی میں رمضان	30 ستمبر بروز جمعرات 2038ء	
عیدالفطر ۱۴۶۰ھ	پاکستان میں عیدالفطر	30 اکتوبر بروز سنیچر 2038ء	
عیدالفطر ۱۴۶۰ھ	سعودی میں عیدالفطر	29 اکتوبر بروز جمعہ 2038ء	

پاکستان اور سعودی میں تہوار کب ہوگا 2039ء

مہینہ	ملک	کس تاریخ کو تہوار ہوگا	
بقرعید ١٤٦٠ھ	پاکستان میں بقرعید	6 جنوری بروز جمعرات 2039ء	
بقرعید ١٤٦٠ھ	سعودی میں بقرعید	5 جنوری بروز بدھ 2039ء	
شب برأت ١٤٦١ھ	پاکستان میں 15 شعبان	4 ستمبر بروز اتوار کی شام سے 2039ء	
شب برأت ١٤٦١ھ	سعودی میں 15 شعبان	3 ستمبر بروز سنیچر کی شام سے 2039ء	
رمضان ١٤٦١ھ	پاکستان میں رمضان	20 ستمبر بروز منگل 2039ء	
رمضان ١٤٦١ھ	سعودی میں رمضان	19 ستمبر بروز پیر 2039ء	
عیدالفطر ١٤٦١ھ	پاکستان میں عیدالفطر	20 اکتوبر بروز جمعرات 2039ء	
عیدالفطر ١٤٦١ھ	سعودی میں عیدالفطر	19 اکتوبر بروز بدھ 2039ء	
بقرعید ١٤٦١ھ	پاکستان میں بقرعید	27 دسمبر بروز منگل 2039ء	
بقرعید ١٤٦١ھ	سعودی میں بقرعید	26 دسمبر بروز پیر 2039ء	

2040ء

مہینہ	ملک	کس تاریخ کو تہوار ہوگا	
دس محرم ١٤٦٢ھ	پاکستان میں دس محرم	25 جنوری بروز بدھ 2040ء	
دس محرم ١٤٦٢ھ	سعودی میں دس محرم	24 جنوری بروز منگل 2040ء	
شب برأت ١٤٦٢ھ	پاکستان میں 15 شعبان	23 اگست بروز جمعرات کی شام سے 2040	
شب برأت ١٤٦٢ھ	سعودی میں 15 شعبان	22 اگست بروز بدھ کی شام سے 2040ء	
رمضان ١٤٦٢ھ	پاکستان میں رمضان	9 ستمبر بروز اتوار 2040ء	
رمضان ١٤٦٢ھ	سعودی میں رمضان	7 ستمبر بروز سنیچر 2040ء	
عیدالفطر ١٤٦٢ھ	پاکستان میں عیدالفطر	8 اکتوبر بروز پیر 2040ء	
عیدالفطر ١٤٦٢ھ	سعودی میں عیدالفطر	7 اکتوبر بروز اتوار 2040ء	
بقرعید ١٤٦٢ھ	پاکستان میں بقرعید	15 دسمبر بروز سنیچر 2040ء	
بقرعید ١٤٦٢ھ	سعودی میں بقرعید	14 دسمبر بروز جمعہ 2040ء	

ثمیری کیلنڈر دیکھیں اور پہلے سے چھٹی بک کرالیں

ایک عجیب تحفہ

از ساجد غفرلہ

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم ، اما بعد

حضرت مولانا ثمیر الدین قاسمی صاحب دامت برکاتہم ، ایک عبقری شخصیت ہیں ، ان کی تصنیفات میں گہرائی ہے ، گیرائی ہے ، ہمہ گیری ہے ، وسعت ہے ، بلندی ہے ، یہ بہت آسان لکھتے ہیں ، لیکن تحقیق کا وہ خزانہ پیش کرتے ہیں ، جو دل کو مطمئن ، روح کو تازگی ، اور عقل و دماغ کو سکون عطا کرتی ہے ، کسی مسئلے پر وہ ایسی دلیل پیش کرتے ہیں ، جو قلب کو سکون اور دماغ کو جلاء بخشتی ہے ، حضرت ہمیشہ صرف نو کتابوں ہی کا حوالہ پیش کرتے ہیں ، یہ نو کتابیں وہ ہیں جو قرن ثانی میں لکھی گئی ہیں ، اور اولین تصنیفات میں سے ہیں ، ان سے کسی فرقے ، یا کسی مسلک والوں کو انکار نہیں ہے ، یہی وہ طرہ امتیاز ہے جو کسی اور مصنف میں نہیں دیکھی ، یہ عبارت العلماء سے کبھی استدلال نہیں کرتے ، نہ کسی بزرگ کے اقوال کا حوالہ دیتے ہیں ، اور نہ ان کی تحریر کو پیش کرتے ہیں ، وہ فرماتے ہیں کہ یہ حضرات ہمارے بزرگ ہیں ، بہت بڑی چیز ہے ، لیکن میرا موضوع ہے کہ ہر ہر مسئلے کے لئے آیت ، حدیث صحیح ، قول صحابی ، اور قول تابعی پیش کر دئے جائیں ، اور وہ بھی ان کتابوں سے جو شروع کی ہیں ، اور امہات الکتب ہیں ، مثلا صحاح ستہ کی چھ کتابوں سے حدیث صحیح اور ، ان کے ااساتذہ مصنف ابن ابی شیبہ ، اور مصنف عبد الرزاق ، سے قول صحابی اور قول تابعی پیش کئے جائیں ، تاکہ اس جدید دور میں طلباء اور اساتذہ کو استدلال کرنے ، اور استفادہ کرنے میں آسانی ہو ، پچھلے زمانے ہر ہر مسئلے کے لئے احادیث ، اور آیات کا التزام کم رہا ہے ، انٹرنیٹ کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے ، وہ کم یاب اور کم یافت بھی تھیں ، لوگوں کو بزرگوں پر اعتماد بھی تھا ، ابھی انٹرنیٹ کا زمانہ ہے ، ہر طالب علم کو اصل کی تلاش ہوتی ہے ، اس لئے ان کے سامنے اصل ہی پیش کر دی جائے ، اس لئے حضرت دامت برکاتہم یہ چار بنیادی چیزیں ، آیت ، حدیث ، قول صحابی ، اور قول تابعی ہی سے استدلال کرتے ہیں ، اور میرا خیال ہے کہ اس دور میں حضرت بہت ممتاز ہیں ، سرخیل اور سربراہ ہیں ، ان کے اس روش سے ، اس طرز عمل ، سے نئی نسل کو روشنی ملی ہے ، راستہ ملا ہے ، حوصلہ ملا ہے اور جذبہ ملا ہے ، اور یہ سوچنے کا موقع ملا کہ ہمیں بھی انہیں بنیادی اصولوں سے استدلال کرنی چاہئے ، اور انہیں سے اپنا مسئلہ حل کرنا چاہئے ۔

کیلنڈر کی تاریخ لینے میں بھی حضرت بہت محتاط ہیں

حضرت کیلنڈر کی تاریخ، صبح صادق، اور عشاء کے ٹائم، یا فلکی معلومات لینے میں بھی بہت محتاط ہیں، وہ ہرایرے غیرے کی فراہم کردہ معلومات سے استدلال نہیں کرتے، وہ صرف h m almanac اور websurf سے ڈیٹا، اور معلومات لینے کے قائل ہیں، حضرت نے اب تک جتنی کتابیں لکھیں، ان میں انہیں دواداروں کی فراہم کردہ معلومات سے کتابیں لکھیں، یہ وہ ادارے ہیں جو اصلی اور حقیقی مواد دیتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ جب کہتے ہیں کہ ہندوستان، پاکستان میں چاند نظر آئے گا تو ضرور نظر آتا ہے، اور کہتے ہیں کہ چاند نظر نہیں آئے گا تو ہرگز نظر نہیں آتا ہے، ان کی دی ہوئی چاند کی پوزیشن، اور ڈگری بالکل حتمی، اور یقینی ہوتی ہے، کیونکہ حضرت اصلی، اور حتمی چیزوں سے استدلال کرتے ہیں نقلی اور ڈبلیکیٹ کو کبھی ہاتھ نہیں لگاتے ہیں، یہ ان کی شناخت ہے، پہچان ہے، علامت ہے اور طرہ امتیاز ہے

حضرت کی چار کتابیں جو قابل رشک ہیں

حضرت نے چھ فنوں میں تقریبا ساٹھ کتابیں تصنیف کی ہیں، لیکن چار کتابیں ایسی ہیں کہ دنیا اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے، امت مسلمہ کو اس کی سخت ضرورت تھی، علماء کو اس کی چاہت بھی اور تلاش بھی لیکن وہ لوگوں کے ہاتھوں میں نہیں تھیں، لیکن حضرت نے بہت کم مدت میں اس کی تصنیف کی اور پوری دنیا کو حیران کر دیا۔ وہ چار کتابیں یہ ہیں

ھدایہ مع احادیثھا واصولھا

،حنفی مذہب پوری دنیا میں پھیلی ہوئی ہے، لیکن ان کی کسی کتاب میں بالالتزام حدیث سیٹ نہیں تھی، امام محمدؒ کی کتاب مبسوط، جامع صغیر، جامع کبیر، کتاب الا ثار لا مام محمد، ھدایہ، قدوری، نور الایضاح، درمختار، غرض کہ کسی کتاب میں حدیث سیٹ نہیں تھی، جس کی بنا پر اہل حدیث کی یلغار ہوئی کہ آپ کے پاس حدیث نہیں ہے صرف قیاس سے مسئلے بیان کرتے ہیں، یہ بازگشت اتنی تیز ہوئی کہ آسمانوں کو چھولیا، اور دیوبندیوں کو بدعتی قرار دے دیا گیا، حضرت مولانا نے اس کے جواب کا بیڑا اٹھا اور پوری ھدایہ کے ہر ہر مسئلے پر تین تین حدیثیں سیٹ کر دیں، اور یہ حدیثیں بھی صرف نو کتابوں ہی سے لیں، جو اہل حدیث کے یہاں قابل قبول اور مروج ہیں،، اور واقعہ یہ کہ اھل حدیث سے بھی تین گنی حدیثیں سیٹ کر دی گئیں، اور یہ کتاب اہل حدیث، شوافع، حنبلی، اور مالکی حضرات کے لئے بھی قابل استفادہ بن گئی، میرا ذاتی خیال ہے کہ اس دور میں اتنی احادیث کسی اور کتاب میں سیٹ نہیں ہیں

پھر یہ کمال بھی کیا کہ ھدایہ کا ہر قال ، الگ الگ اصول پر ہے، اب تک اس پر کسی نے توجہ نہیں دی، حضرت علام نے ہر ہر قال کے لئے الگ الگ اصول لکھے، جو جامع اور مختصر ہے، اس سے اصول بھی یاد ہوتا ہے، اوراس سے مسئلہ بھی سمجھ میں آجاتا ہے میری نظر میں آج تک کسی اور نے اس قسم کا کام نہیں کیا ہے، یہ منفرد بھی ہے، اور موقر بھی ہے

ثمرۃ العقائد

آیات اور احادیث کی بھرپور کتاب

ماضی قریب میں دیوبندیوں پر بہت کیچڑ اچھالا گیا، کسی نے ان کو کافر قرار دیا، کسی نے بدعتی کے لقب سے نوازا، کسی نے گستاخ رسول کہہ کر بدنام کیا، اور ہر طرح کی ناکابندی کی، ہمارے بزرگوں نے اقوال ائمہ سے ان کا جواب دینے کی کوشش کی لیکن یہ حضرات کہاں ماننے والے تھے، انہوں اور بدنام کرنا شروع کیا، اب حضرت مولانا ثمیر الدین قاسمی دامت برکاتہم نے اپنا قلم اٹھایا، اور سب کے چھکے چھڑا دئے، اور ثمرۃ العقائد جیسی معرکۃ الاراء کتاب تصنیف کی، انہوں نے ساڑھے تین سو عقیدے بیان کئے، اور ہر ہر عقیدے کے لئے تین تین آیتیں اور تین تین حدیثیں سیٹ کیں، حدیثیں صرف صحاح ستہ سے لیں، اس میں قول صحابی، اور قول تابعی کو جگہ نہیں دی، کیونکہ یہ نص قطعی نہیں ہیں، اور جن جن عقیدوں میں ہمارے بزرگوں کو زیادہ کوسا تھا، اور گستاخ رسول، اور کافر قرار دیا تھا ان میں تیس تیس آیتیں لائے، اور آیتوں اور حدیثوں کی بھرمار کر دیں، ان میں اتنی آیتیں اور حدیثیں ہیں کہ آج تک کسی کا جواب نہیں بن پڑا، بلکہ اس کتاب کو اہل حدیث (دارالکتب العلمیہ، بیروت) نے خاص اہتمام سے شائع کی، اور اہل حدیث کو بھی اس کتاب سے استفادہ کرنے کا مشورہ دیا

ابھی تک ہم عقیدوں کے لئے اقوال بزرگاں، اور دلیل عقلی پڑھا کرتے تھے، پہلی مرتبہ حضرت کی کتاب سے صرف آیت اور احادیث سے روشناس ہوئے، اس سے ہم طالب علموں کو اتنا سکون ہوا کہ دل باغ باغ ہو گیا، اور حضرت کے لئے دل سے دعائیں نکلیں

میرا خیال ہے کہ عقیدے میں اتنی جامع، اور دلیل نقلی سے بھرپور کتاب کسی کتب خانے میں نہیں ہے

، اور یہ کمال کیا کم ہے کہ جو اہل حدیث ہمیں بدعتی قرار دیتے تھے انہوں نے ہماری عقیدے کی کتاب چھاپی اور پورے عرب کے علماء میں پیش کی۔۔ فللہ الحمد

حنفیہ کا مسلک احتیاط پر ہے

اہل حدیث کے ۲۸ مسئلے

کچھ سالوں سے یہ بھی ایک المیہ رہا ہے کہ اہل حرم کے علماء بھی ،رفع یدین ،قرائت خلف الامام ،نماز کے بعد دعا وغیرہ اٹھائیس مسئلوں پر شور مچاتے رہے،اور ہمیشہ یہ تاثر دینے کی کوشش کرتے رہے کہ دیوبندیوں کے پاس احادیث نہیں ہیں، یہ صرف قیاس پر عمل کرتے ہیں،ان حضرات کو رجوع کرنی چاہئے ،اور یہ اعمال ترک کردینے چاہئے ، ہمارے حضرات درمختار وغیرہ سے حوالہ دیا کرتے تھے، دلیل عقلی پیش کیا کرتے تھے،لیکن ان حضرات کا تقاضہ تھا کہ صرف احادیث لائیں ،اس سلسلے میں ہمارے پاس احادیث کا ذخیرہ موجود نہیں تھا اس لئے وہ اور بھی دلیر ہوجاتے تھے،اور ہم ان کا منہ تکتے رہ جاتے تھے

حضرت مولانا نے ان کا تعاقب کیا، یہ اٹھائیس مسئلے جنکو وہ اپنی محفلوں میں روز چھیڑا کرتے تھے، ہر ہر مسئلے کے لئے دس دس احادیث لائے ، پھر حضرت نے دو کام کئے ،ان کی احادیث بھی لائے ،اور اپنی احادیث بھی لائے ،البتہ کمال یہ کیا کہ،ان کی احادیث پانچ لائے تو اپنی احادیث سات لائے ،ان کی سات لائے تو اپنی احادیث دس لائے ،اور صرف نو کتابوں ہی سے لائے جو ان کے یہاں مقبول اور مروج تھیں،اور ان اٹھائیس مسئلوں میں ان سے دوگنی احادیث سیٹ کردیں،

یہ کام اتنا اہم تھا کہ ہر حنفی کو اسکی ضرورتھی ، وہ زمانے سے سوچ رہے تھے کہ ایسی کتاب ہو جس میں احادیث کی بھرمار ہو، ہمارے دلائل وافر مقدار میں ہوں ،اور پورے حوالے کے ساتھ ہوں ،تا کہ ہم ہر وقت اس کو لیکر جواب دیں اور پورے اطمینان کے ساتھ اس پر عمل کریں ،حضرت مولانا نے ،حنفیہ کا مسلک احتیاط پر ہے ،لکھ کر ہم طلبہ پر بہت بڑا احسان کیا ہے اور تمام اہل حدیث کا منہ بند کردیا، یہ کتاب بھی ان کے عظیم کارنامے میں شمار ہوتی ہے،اور یہ کتاب بھی امت پر بہت بڑا احسان ہے

تریسٹھ سالہ ثمیری کیلنڈر

حضور ﷺ کی تریسٹھ سالہ زندگی پر تفصیلی کیلنڈر

اس کیلنڈر میں حضرت علام چودہ سو سال پیچھے گئے ہیں، سافٹ ویئر کے ذریعہ ہر ہر تاریخ پر یہ بتایا کہ اس دن مکہ مکرمہ کے افق پر چاند کتنی ڈگری اونچا تھا، چاند کی عمر کیا تھی، کتنا منٹ چاند مطلع پر تھا،اور نظر آسکتا تھا یا نہیں،اس کے بعد پہلی تاریخ شروع کی ہے، کیلنڈر کی دنیا میں یہ انوکھا کیلنڈر ہے، جس میں اتنی باریکی کے ساتھ چودہ سو سال پیچھے جا کر یہ بتائے کہ کس تاریخ کو مکہ مکرمہ کے افق پر کتنا اونچا چاند تھا اور وہ چاند نظر آنے کے قابل تھا یا نہیں ، وہ کتنے منٹ تک مکہ مکرمہ کے افق پر چمکتا رہا، یہ

حیرت انگیز چیز ہے، اس طرح کی باریکی، اور اتنی تفصیل پہلے کسی فلکی نے نہیں پیش کی، ایک صاحب نے حضرت سے پوچھا کہ حضور ﷺ کا وصال ۱۲۔ ربیع الاول لکھا ہوا ہے آپ نے تیرہ کیوں لکھا؟ آپ اس کو پیچھے کیجیے، تو حضرت نے فرمایا کہ یہ فلسفہ، اور منطق نہیں ہے، کہ ممکن ہے کہ یہ ہو جائے، میں نے سافٹ ویئر سے حتمی تاریخ پیش کی ہے، اس سے ایک تاریخ بھی آگے پیچھے نہیں ہو سکتی ہے، یہ اتنا مضبوط اور مستحکم ہے کہ ایک دن تو کیا ایک گھنٹہ بھی آگے پیچھے کرنا مشکل ہے

حضرت نے سافٹ ویئر کی مدد سے اتنا مضبوط کام کیا ہے کہ میں حیران ہوں، اس طرح کی تفصیل تو میرے حاشیہ خیال میں بھی نہیں تھی، امت کو اس کیلنڈر کی سخت ضرورت تھی، نگاہیں اس کے لئے مچل رہی تھیں، حتمی تاریخ کا جاننا ضروری تھا، لیکن اس کی یافت نہیں تھی، حضرت نے اپنی فلکی مہارت کو نچوڑ کر رکھ دیا، اور وہ جوہر دکھائے کہ دنیا عش عش کرتی رہ گئی

ہاں ویڈیو کا انتظار تو آپ کرتے ہی ہیں

پہلے پہل جب حضرت کی ویڈیو چاند پر آئی، اور فرمایا کہ اس دن گواہی دی تو وہ جھوٹی ہے، تو کتنے پروفیشنل علام کے کان کھڑے ہو گئے، یہ کیسے ممکن ہے کہ ایک مؤمن کو صرف حساب کی بنیاد پر جھوٹا قرار دے دیا جائے، حساب تو ایک ظنی اور غیر معتبر شئی ہے، بلکہ لاشئی ہے، اس پر کتنے صارفین نے حاشئے چڑھائے، انگلی اٹھائی، بلکہ ٹیڑھی انگلی سے اشارے کئے، لیکن حضرت کو اپنے تجربات، اور حساب پر اتنا وثوق تھا کہ وہ مسکراتے رہے، اور اشاروں اشاروں ہی میں بتایا کہ یہ آپ کی ضرورت ہے، یہ آپ کی زندگی کا سایہ ہے اس سے نہ آپ بچ سکتے ہیں، اور نہ نظر انداز کر سکتے ہیں، نہ جان چھڑا سکتے ہیں اور نہ دور بھاگ سکتے ہیں، نہ چھپ سکتے ہیں اور نہ پہلو تہی کر سکتے ہیں، ہر عید پر یہ درد کا درما ہے، ہر بقر عید پر گائے خریدنے کے لئے تاریخ کی گرانٹی ہے، پھر یہی ہوا ہر آدمی حضرت کی ویڈیو کا انتظار کرنے لگے، ہر حافظ اسی پر پارہ کھولتے ہیں اور اسی پر قرآن کریم کا پنا پلٹ دیتے ہیں، ہر سفیر اسی پر اپنی بس، ریل، اور ہوئی جہاز کا ٹکٹ بک کراتے ہیں، اور بڑے پر سکوں لہجے میں کہتے کہ، مولوی چاند نے کہہ دیا ہے، بس یہی ہوگا،، اور ہوتا بھی یہی ہے جو حضرت نے فرما دیا۔

مجھے علم ہے کہ حضرت ہر ماہ پانچ ویڈیو بناتے ہیں، امریکہ کے خطے کے لئے الگ، ہندوستان، پاکستان کے لئے الگ، برطانیہ کے لئے الگ، اور نیوزی لینڈ اور اسٹریلیا کے لئے الگ،، اور تقریبا پوری دنیا کی رویت ہلال کمیٹیوں کو گائڈ کرتے ہیں

ہندو پاک درمیان چاند کا فرق ایک حیران کن کارنامہ ہے

میں اس وقت انتہائی حیرت سے حضرت کی ویڈیو کو بار بار دیکھتا ہوں جب وہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان انتہائی باریک فرق بتاتے ہیں کہ، ہندوستان میں نو ڈگری ہے وہ نہیں دیکھے گا، اور اسی کے قریب پاکستان میں دس ڈگری ہے وہ چاند دیکھیں گے اور اعلان بھی کریں گے، اور ایسا ہی ہوتا ہے کہ اتنا بڑا ملک ہندوستان نہیں دیکھتا ہے، اور اسی سے لگا ہوا ملک پاکستان دیکھ لیتا ہے، اور حضرت کی پیشین گوئی کے مطابق تاریخ ساز اعلان ہوتا ہے، اس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ حضرت نے کس طرح میدان مارا ہے، اور کس طرح میدان میں اپنا علمی جھنڈا لہرایا ہے، اور دار العلوم دیوبند کے ایک ادنی سپوت نے ساری دنیا کو ورطہ حیرت میں ڈال رکھا ہے، و ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء ،

پندرہ سالہ ثمیری کیلنڈر

تاریخ کی دنیا میں روشن ستارہ

یہ پندرہ سالہ کیلنڈر بھی ثمیری خزینے کا ایک باب ہے، روشن ستارہ ہے، ہلال عید ہے، اگلے پندرہ سال کے لئے علمی سرمایہ ہے ، تاریخ تلاشوں کے لئے تاریخ ساز ہے، اب اس کو سامنے رکھئے ، اور چاند کی ساری پوزیشنوں سے روشناس ہوکر پہلے سے اپنی چھٹی بک کرائے

اور حضرت کو دعائیں دیجئے۔۔اللہ تعالی ان کا سایہ دیر تک عافیت کے ساتھ ہمارے سروں پر قائم رکھے،

آمین یارب العالمین

ع

کہاں سے لاؤں پر اسرار داستانوں کو
میں تو جھوم گیا آپ کے کمالوں پر

ساجد غفرلہ۔16-5-2025

یہ کیلنڈر رویت ہلال کمیٹیوں کی ضرورت ہے

از:۔ثمیر الدین قاسمی،غفرلہ

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم،امابعد

بہت سے حضرات کا مطالبہ تھا کہ کوئی ایسا کیلنڈر ترتیب دیں جو اصلی اور صحیح تاریخ بتاتا ہو،اس پر اعتماد کر کے پہلے سے اپنی چھٹی بک کرا سکیں،بس،ریل اور ہوائی جہاز کا ٹکٹ لے سکیں،مدرسوں کی چھٹیوں کو ترتیب دے سکیں،اور ہمیں اتنا اعتماد ہو کہ اس کے خلاف نہیں ہوگا،ان کا یہ بھی مطالبہ تھا کہ اس چاند کی پوزیشن بھی بتائیں،مثلا نیومون کب ہے،چانداس تاریخ کو افق پر کتنی ڈگری اونچا ہے،کتنا منٹ افق پر رہے گا،تاکہ ہم خود بھی اندازہ لگا سکیں کہ چاند نظر آئے گا یا نہیں،اور ہم جس تاریخ کو اپنانا چاہتے ہیں وہ کتنا صحیح ہے،اور حقیقت پر مبنی ہے

دوسرے حضرات وہ تھے جو پوری دنیا میں رویت ہلال کمیٹی کے ذمہ دار تھے،یہ پوری دنیا میں پھیلی ہوئی تمام رویت ہلال کمیٹیوں کا یہ بھی مطالبہ تھا کہ چاند کی ساری پوزیشن اصلی بتائیں تاکہ گواہ کو چیک کر سکیں،کیلنڈر کو سامنے رکھ کر یہ یقین کر سکیں کہ یہ گواہ جھوٹے ہیں،آسمان پر چاند نہیں ہے،اور دسیوں گواہ کہتے ہیں ہم نے چاند دیکھا ہے تو یہ بالکل جھوٹ بول رہے ہیں، کیوں کہ ہمیں یقین ہے کہ چاند آسمان پر نظر آنے کے قابل ابھی بنا ہی نہیں ہے

ان دونوں گروپوں کا مطالبہ قابل غور تھا،لیکن میرے مشکل یہ تھا کہ یہ ساری معلومات (websurf) سے ملتی تھیں،لیکن websurf دوسال پہلے بند ہو چکی ہے،لیکن میں نے ہمت نہیں ہاری،websurf کو ای میل کیا،اور اگلے پندرہ سال کی معلومات مانگی،،یہ معلومات ان کے کمپیوٹر میں موجود نہیں تھیں،دوسال تک خط و کتابت کے بعد انہوں نے تیار کر کے دی جن کو بہت باریکی سے سیٹ کر کے آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں

آپ اس کو محفوظ رکھیں اور اگلے پندرہ سال تک فائدہ اٹھائیں،اور اسی پر اپنی چھٹیاں بک کرائیں

h m almanac کیا ہے

h m almanac، برطانیہ میں ایک ادارہ ہے جو websurf چلاتا ہے، اور چاند، سورج، اور دیگر ستاروں کا ٹائم دیتا ہے، ان کے پاس بہت اعلی قسم کا کمپیوٹر ہے، جس میں چاند اور سورج کے کوائف بہت تفصیل سے فٹ کیا ہوا ہے، اور اسی کمپیوٹر کے حساب سے تمام سیاروں کا حساب دیتا ہے

، h m almanac کی خوبی یہ ہے کہ جس مقام کے لئے یہ بتاتا ہے کہ چاند کی اونچائی چھ ڈگری ہے تو وہاں چھ ڈگری ہی ہوتی ہے، کم بیش نہیں، اگر وہ کہتا ہے کہ یہاں چاند نظر آنے کے قابل نہیں ہے تو میں تقریبا تیس سال سے تجربہ کر رہا ہوں کہ وہاں چاند نظر آنے کے قابل نہیں ہے، اور نہ کسی نے دیکھا ہے، اور اگر کوئی گواہی دیتا ہے تو واقعی وہ جھوٹا ہے، کیوں کہ میں تیس سال سے فیجی لینڈ سے امریکہ تک کی گواہی کو چیک کر رہا ہوں کہ اسی پر گواہی سچی ہوتی ہے، اور اس سے پہلے جھوٹی ہوتی ہے

اصل بات یہ ہے کہ، h m almanac ، کے پاس بہت ہی اعلی قسم کا کمپیوٹر ہے، اس پر پوری دنیا کا حساب فیڈ کیا گیا ہے، اب وہ کلکیولیٹر کی طرح حساب کر کے دیتا ہے، اور جس طرح کلکیولیٹر کا حساب غلط نہیں ہوتا ہے، اسی طرح h m almanac، کا حساب بھی غلط نہیں ہوتا ہے

آپ حضرات جو عشاء، فجر، طلوع، غروب کا ٹائم لیتے ہیں اور بالکل صحیح نکلتا ہے وہ بھی یہ h m almanac ، دیتا ہے، time and data بھی اسی کا ہے جس پر نمازوں کے اوقات درج ہیں، اس لئے دونوں صحیح ہیں، فرق یہ ہے کہ نماز کے اوقات کا حساب ہر آدمی کے پاس ہے اس لئے وہ چیک کر کے صحیح پاتے ہیں، اور چاند کا حساب ہر آدمی کے پاس نہیں ہے اس لئے وہ چیک کر کے اندازہ نہیں لگا پاتے ہیں، الحمد للہ میں نے پوری دنیا کے لئے یہ حساب لیا ہے اور تیس سال سے اس کو چیک کر رہا ہوں وہ بالکل صحیح ہے، اور جو حساب وہ دیتا ہے وہ حتمی ہے، اس لئے پورے وثوق کے ساتھ اگلے پندرہ سال کے لئے اس کو آپ کی خدمت پیش کر رہا ہوں آپ بھی اس کو چیک کر کے یقین کر لیں،

آپ بھی اگر چاند کا یا نمازوں کا ٹائم منگوانا چاہتے ہیں تو اس شہر کا نام دیں، ملک کا نام دیں، اور اس شہر کا طول بلد، اور عرض بلد (longitude, latitude) دیں اور almanac کو ای میل کریں تو وہ پانچوں نمازوں کا ٹائم، اور چاند کا ٹائم دے دیتے ہیں h m nautical almanac offic کا ای میل یہ ہے

،customerservices@ukho.gov.uk

اس وقت کا حساب حتمی ہوتا ہے

میں دارالعلوم دیوبند میں پرانی فلکیات پڑھ چکا ہوں، اس فلکیات میں موٹی موٹی باتیں ہوتی ہیں، باریک بینی والی حساب نہیں ہوتی، لیکن اس وقت h m almanac کے کمپیوٹر کا جو حساب ہے وہ بہت اعلی درجے کا ہے اس لئے اس کا حساب حتمی ہوتا ہے، جیسے سورج کے تمام حساب، عشاء کا وقت، فجر کا وقت، طلوع اور غروب کا وقت حتمی ہوتے ہیں، اور آپ بھی اس پر عمل کرتے ہیں، اس لئے اگر حساب کہتا ہے کہ چاند نو ڈگری ہے اور نظر نہیں آ سکتا ہے تو اس وقت گواہوں کی گواہی قبول نہیں کرنی چاہئے، کیونکہ واقعی گواہ جھوٹے ہیں

حساب کا اعتبار نہیں ہے، کا مطلب

پچھلے زمانے میں اتنا باریک حساب نہیں ہوتا تھا، صرف موٹی موٹی باتیں ہوتی تھیں، اس لئے اس حساب کا بالکل اعتبار نہیں ہے، لیکن اس وقت مبائل فون کی طرح بہت باریک حساب آتا ہے، اور حتمی حساب آتا ہے، اس لئے عبارت کا مطلب سمجھنا ضروری ہے

حدیث میں ہے کہ حساب کا اعتبار نہیں ہے اس کے لئے حدیث یہ ہے

8۔۔۔حدثنا سعید بن عمرو : أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ]أَنَّهُ قَالَ: »إِنَّا أُمَّةٌ أُمِّيَّةٌ، لاَ نَكْتُبُ وَلاَ نَحْسُبُ، الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا « يَعْنِي مَرَّةً تِسْعَةً وَعِشْرِينَ، وَمَرَّةً ثَلاَثِينَ ۔(بخاری شریف، باب قول النبی ﷺ لانکتب ولانحسب، ص ۳۰۷، نمبر ۱۹۱۳/مسلم شریف، باب وجوب صوم رمضان لرؤیۃ الھلال، ص ۴۳۹، نمبر ۲۵۱۱)

ترجمہ۔حضور ﷺ سے روایت ہے کہ ہماری امت عمومی طور پر امی ہے، ہم عمومی طور پر نہ لکھنا جانتے ہیں، اور نہ عمومی طور پر حساب کرنا جانتے ہیں، بس مہینہ اس طرح ہے ایک مرتبہ آپؐ نے انگلیوں کے اشارے سے فرمایا کہ مہینہ انتیس دنوں کا ہوتا ہے اور ایک مرتبہ فرمایا کہ تیس دنوں کا ہوتا ہے۔۔۔اس حدیث میں ہے کہ حساب کا اعتبار نہیں ہے

اس لئے حساب کہے کہ مطلع پر دس ڈگری چاند ہے، اور چاند نظر آنے کے قابل ہے، لیکن بادل، یا کہر کی وجہ سے نظر نہیں آیا تو ایک دن موخر کیا جائے گا، اور تیس دن پورے کئے جائیں گے، اور حساب پر مہینہ نہیں شروع کیا جائے گا، کیونکہ چاند نظر نہیں آیا ہے

اگر حساب کہے کہ چاند نظر نہیں آسکتا ہے تو گواہی قبول نہیں کرنی چاہئے

لیکن اگر حساب کہتا ہے کہ نو ڈگری چاند ہے، اور گواہی آگئی کہ میں نے چاند دیکھا ہے، تو اگر مطلع صاف ہے تب تو گواہی کا اعتبار نہیں ہے رویت عامہ ضروری ہے کہ جم غفیر دیکھے تب مہینہ شروع کریں لیکن اگر مطلع ابر الود ہے، تو آپ گواہی قبول کر سکتے ہیں، اس سے روزہ ہو جائے گا، لیکن بہتر ہے کہ یہ گواہی قبول نہ کریں، کیونکہ یہ گواہ بنیادی طور پر جھوٹے ہیں، اس کے قبول کرنے سے ملک میں انتشار ہوگا، اور ایک ہی ملک میں دو دو عیدیں ہو جائیں گی، اس بارے میں ہندوستان، پاکستان کی رویت ہلال کمیٹی واقعی بہت احتیاط کرتی ہے

چاند دیکھنے کے بعد ہی عبادت پر عمل کیا جائے گا

یہ حساب صرف گائڈ کے لئے ہے، تاکہ گواہوں کو چیک کرنے میں آسانی ہو، اور چونکہ یہ حساب حتمی ہے اس لئے پہلے سے چھٹی بک کرا سکے، لیکن عبادت پر عمل چاند دیکھنے کے بعد ہی کیا جائے گا، اس سے پہلے نہیں، کیونکہ حدیث میں ہے کہ حساب کا اعتبار نہیں ہے

معذرت خواہ ہوں

، h m almanac سے لیکر یہ پندرہ سالہ کیلنڈر بنا رہا ہوں، یہ بہت نیا کام ہے، اس میں غلطی بھی ہو سکتی ہے، اس لئے اہل علم کی خدمت میں گزارش ہے کہ کوئی غلطی ہو تو معاف بھی کریں، اور مطلع بھی فرمائیں، ان شاء اللہ شکریہ کے ساتھ اس کو قبول کیا جائے گا ، اور اللہ سے دعا کریں کہ اللہ جل شانہ اس کیلنڈر کو قبولیت سے نوازے، اور اجر آخرت کا ذریعہ بنائے

آمین یارب العالمین

ثمیر الدین قاسمی، مانچیسٹر، انگلینڈ

17-5-2025

حنفیہ کا مسلک ایک ملک کا اتحاد مطلع ہے
پوری دنیا کا نہیں

صاحب درمختار کی عبارت سے کچھ حضرات یہ زور دیتے ہیں کہ پوری دنیا کا مطلع ایک ہی ہے، اس لئے کہیں بھی چاند نظر آ جائے تو سب کو اس پر رمضان اور عید کر لینی چاہئے، بلکہ اگر مغرب بعید میں بھی چاند نظر آ جائے تو مشرق بعید کو اس پر رمضان اور عید کر لینی چاہئے

لیکن میرا ناقص خیال یہ ہے کہ کی درمختار کی عبارت کا مطلب پوری دنیا نہیں ہے، بلکہ ایک ملک کی مغرب، اور مشرق ہے، یعنی ایک ملک کی مغرب میں چاند دیکھ لے تو اس ملک کی مشرق والے اس پر عمل کر لیں، پوری دنیا اس سے مراد نہیں ہے، یہ اس لئے کیا تا کہ ایک ہی ملک میں دو عیدیں نہ ہوں

،اس کی تین وجہ ہیں

ا۔۔۔پہلی وجہ یہ ہے کہ ۔۔رمضان اور عید میں ایک رات میں پوری دنیا کو شہادت کی خبر کو پہنچانا، تا کہ وہ رمضان اور عید شروع کر سکیں، یہ صرف شوشل میڈیا کے دور میں ہو سکتا ہے، یعنی فون ہو، ٹیلی ویزن، انٹرنیٹ ہو تب ہی ممکن ہے، لیکن اگر یہ چیزیں نہ ہوں، مشکل سے ایک ملک میں پہنچا سکتے ہیں پوری دنیا میں پہنچانا ناممکن ہے، اور شریعت شوشل میڈیا کے دور کے لئے محدود نہیں ہے، ہمیشہ کے لئے ہے ،اس لئے درمختار کی عبارت کا مطلب ایک ملک کی مشرق، مغرب ہو سکتی ہے، پوری دنیا نہیں

خود صاحب درمختار کے زمانے میں انٹرنیٹ نہیں تھی، اور ایک رات میں پوری دنیا میں شہادت کی خبر پہنچانا ممکن نہیں تھا، اس لئے میرا خیال یہ ہے کہ ان کے ذہن میں بھی پوری دنیا نہیں ہوگی، بلکہ ایک ملک کی مشرق، اور مغرب ہوگی

صاحب درمختار کی ایک عبارت یہ ہے۔ **اختلاف المطالع غیر معتبر علی المذھب فیلزم اھل المشرق برؤیۃ اھل المغرب** ۔(حاشیۃ ابن عابدین، باب کتاب الصوم، مطلب فی اختلاف المطالع، ، ج ثالث، ص ۴۱۸/۴۱۹)


ترجمہ: امام ابو حنیفہؒ کے مذہب پر اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں ہے، اگر مغرب والے نے دیکھ لیا تو مشرق والوں پر اس کا اعتبار کرنا لازم ہے،

اس عبارت میں پوری دنیا کا لفظ نہیں ہے، اس لئے ایک ملک کی مشرق، مغرب لینا زیادہ مناسب ہے

۲۔۔۔دوسری وجہ۔۔اگر مان لیا جائے کہ امریکہ والوں نے مغرب کے بعد چاند دیکھا، تو اس وقت ہندوستان میں صبح سات

بج چکا ہوگا، تو بتائے کہ وہ لوگ روزہ کیسے رکھیں گے، اور تراویح کیسے پڑھیں گے، اور عید کا وقت ہے تو روزہ کیسے چھوڑیں گے، اور تراویح کیسے چھوڑیں گے، اور ہر بار ایسا ہی ہوگا، تو یہ کتنا برا حال پیدا کرے گا، آپ نے کبھی اس کو سوچا ہے۔۔اس لئے حنفیہ کا مسلک اتنا کمزور اور بعدہ نہیں ہوسکتا ہے کہ پوری دنیا مراد لی جائے

آپ اس نقشے کو دیکھیں۔۔



اس نقشے میں دیکھیں کہ امریکہ میں مغرب کے وقت چاند نظر آئے گا تو ہندوستان میں صبح سات بجے گا، اور سعودی میں صبح ساڑھے چار بجے گا، اور انگلینڈ میں رات کا ایک بجے گا تو پھر کیسے یہ لوگ اپنی تراویح پڑھیں گے، اور روزہ رکھیں گے، یہ معاملہ صرف بقرعید کا نہیں ہے، بلکہ روزہ، اور عید کا بھی۔۔۔اس لئے صاحب درمختار کی مشرق، اور مغرب کا مطلب ایک ملک کی مشرق اور مغرب ہے، پوری دنیا کا نہیں

۳۔۔۔تیسری وجہ یہ ہے کہ۔ پانچ سو سال سے پہلے حنفیہ کی کسی کتاب میں نہ مطلع کی بحث ہے اور نہ اتحاد مطلع کی بحث ہے میں نے کافی تلاش کی ہے، مثلا حنفی مسلک واضح کرنے کے لئے حضرت امام محمد شیبانی رحؒ متوفی ۱۸۹ھ، کی کتاب، مبسوط ، (الاصل) میں مطلع کی بحث نہیں ہے، ان کی دوسری کتاب، جامع صغیر، جامع کبیر، سیر صغیر، سیر کبیر، کتاب الاثار لامام محمد، ان میں سے کسی کتاب میں مطلع کی بحث نہیں ہے۔ ھدایہ متوفی ۵۹۳ھ میں مطلع کی بحث نہیں ہے، قدوری متوفی ۴۲۸ھ میں مطلع کی بحث نہیں ہے، شرح وقایہ متوفی ۷۴۷ھ میں مطلع کی بحث نہیں ہے، اور یہی سب کتابیں حنفیہ کے

مسلک کی وضاحت کے لئے ہیں۔تو کیسے کہہ سکتے ہیں کہ حنفیہ کا مسلک اتحاد مطلع کا ہے!

سب سے پہلے صاحب کنز الدقائق متوفی ۷۱۰ھ میں اتحاد مطلع کی بحث کی، پھر صاحب نور الایضاح متوفی ۱۰۶۹ھ نے اس کی بحث کی ہے، اس کے بعد صاحب تنویر الابصار متوفی ۱۰۰۴ھ نے اس کی بحث کی ہے، اور اس کے بعد صاحب در المختار متوفی ۱۰۸۸ھ نے اس بحث کو اتنا لمبا کیا کہ مغرب والا چاند دیکھ لے تو مشرق والوں کو اس کی شہادت مان کر رمضان، اور عید کر لینی چاہئے

لیکن پہلے میں نے عرض کی کہ پانچ سو سال تک حنفیہ کی کسی کتاب میں اتحاد مطلع کی بحث نہیں ہے، اس لئے یہ حنفیہ کا اصل مسلک نہیں ہے، اور حنفیہ کا مسلک اتنا کمزور کیسے ہو سکتا ہے کہ جس پر عمل کرنا ناممکن ہو۔اس لئے میرا ناقص خیال یہی ہے کہ صاحب در مختار نے جو اتحاد مطلع کی بات کہی وہ ایک ملک کے لئے ہے، پوری دنیا کے لئے

اس لئے سعودیہ پر عمل کرنے والے اتحاد مطلع پر زور لگاتے ہیں، اور سعودی چاند پر عمل کر لینے کی ترغیب دیتے ہیں، یہ صحیح نہیں ہے۔۔کیونکہ حنفیہ کے یہاں دوسرے ملک کی اتحاد مطلع ہے ہی نہیں۔۔دوسری بات یہ ہے کہ سعودیہ ایک دن پہلے پر گواہی لیتے ہیں، اور جھوٹی گواہی پر اعلان کرتے ہیں اس لئے اس پر اپنے فرض روزے کو خراب کرنا ہے

۴۔۔اس وقت پوری دنیا اپنے اپنے ملک کے اتحاد مطلع پر عمل کرتی ہے۔چنانچہ ایک ملک والے دوسرے ملک کی رویت نہیں لیتے ہیں،، مثلا ہندوستان والے پاکستان کی رویت نہیں لیتے ہیں، اور پاکستان والے ہندوستان کی رویت نہیں لیتے ہیں، البتہ ہندوستان میں کہیں بھی رویت ہو جائے، تو اس کو لے لیتے ہیں۔اسی طرح پاکستان میں کہیں بھی رویت ہو جائے تو اس کو لے لیتے ہیں، اور ایک ملک کے مغرب کی رویت مشرق پر نافذ کرتے ہیں،

اس لئے میرا خیال ہے کہ در مختار میں ۔اختلاف المطالع غیر معتبر علی المذهب فیلزم اهل المشرق برؤیة اهل المغرب ۔(حاشیۃ ابن عابدین، باب کتاب الصوم، مطلب فی اختلاف المطالع،، ج ثالث ص ۴۱۸/۴۱۹) سے ایک ملک کی مشرق، اور مغرب مراد ہے، پوری دنیا کی مشرق مغرب نہیں ہے۔۔

نوٹ:۔صاحب در مختار بہت بڑے آدمی ہیں، وقت کے علامہ ہیں اس لئے میں نے جو رائے پیش کی ہے وہ میری ناقص رائے ہے ۔ضروری نہیں ہے وہ بالکل صحیح ہو۔ثمیر الدین قاسمی۔غفرلہ

قمری مہینہ اور قمری سال، اور سورج کا سال کس طرح بنتا ہے،

چاند کا مہینہ بنانے کی تفصیل یہ ہے

ا۔۔۔قمری ماہ 29.530589 d۔۔(29 دن 12 گھنٹہ، 44 منٹ، 2.9 سیکنڈ کا ہوتا ہے)

اس کو moon wikipedia سے لیا ہوں، وہاں یہ ٹائم موجود ہے، آپ بھی اس پر جا کر لے سکتے ہیں

۲۔۔۔قمری سال 354.36706 d۔۔(354 دن، 8 گھنٹہ، 48 منٹ، 34.8 سیکنڈ کا ہوتا ہے)

آپ قمری مہینے کو 12 سے ضرب دیں گے تو قمری سال بن جائے گا

مثلا۔d 29.530589 کو 12 سے ضرب دیا تو۔d 354.36706 بن گیا

اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ (354 دن، 8 گھنٹہ، 48 منٹ، 34.8 سیکنڈ کا ہوتا ہے)

سورج کا سال کس طرح بنتا ہے، اس کی تفصیل دیکھیں

۳۔۔سورج کا سال ہے 365.256363004۔(365 دن، 6 گھنٹہ، 9 منٹ، 9.54 سیکنڈ کا ہوتا ہے) کو

earth wikipedia سے لیا ہوں وہاں یہ ٹائم موجود ہے، آپ بھی اس پر جا کر لے سکتے ہیں

قمری سال سورج کے سال سے کتنا چھوٹا ہوتا ہے


قمری سال سورج کے سال سے 10.8893 دن چھوٹا ہوتا ہے (10 دن، 21 گھنٹہ، 21 منٹ، 1.20 سیکنڈ چھوٹا ہوتا ہے)

اس کو معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سورج کے سال 365.256363004 میں چاند کے سال کو گھٹا دیں تو جو نکلے گا اتنے دن چاند کا سال سورج کے سال سے چھوٹا ہوگا

مثلا ۔سورج کا سال 365.256363004 ہے اس میں چاند کا سال d 354.36706 کو گھٹا دیا تو 10.8893 باقی رہا۔یعنی چاند کا سال سورج کے سال سے (10 دن، 21 گھنٹہ، 21 منٹ، 1.20 سیکنڈ چھوٹا ہوا)

moonsighting.com کے نقشے سے پوری دنیا کے چاند کا اندازہ لگائیں

میں نے ہر ماہ کے لئے چاند کی تفصیل کے ساتھ moonsighting.com کا نقشہ بھی پیش کیا ہے، اس کو سمجھ لیں تو اس نقشے سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ چاند کس ملک میں کتنی ڈگری پر ہے، اور اس کو نظر آئے گا یا نہیں، اور وہ کس دن رمضان اور عید کریں گے



یہ مون سائٹنگ کی پوری دنیا کا نقشہ ہے ۔۔اس نقشے کے اوپر بائیں جانب انگریزی تاریخ، اور سنہ لکھی ہوئی ہے، اور دائیں جانب اسلامی تاریخ لکھی ہوئی ہے، اس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس تاریخ کو چاند کی صورت حال کیا ہے
اس نقشہ میں جو لکیریں ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ کون سا ملک کہاں ہیں، ان لکیروں کو بار بار غور کر کے دیکھیں، اور پتہ لگائیں کہ کون ملک کہاں ہے، مثلا اس نقشے کے دائیں جانب، فیجی لینڈ ہے، درمیان میں ہندوستان، اور پاکستان ہیں، درمیان میں سمندر ہے، اور بائیں جانب امریکہ، اور کینڈا وغیرہ ہیں

اس نقشے میں پانچ رنگ ہیں

ان پانچوں رنگوں کو دائیں سے بائیں سمجھیں

ا۔۔کالا رنگ ۔۔اس کا مطلب یہ ہے کہ چاند وہاں چھ ڈگری سے کم ہے، یا وہاں ہلال بنا ہوا ہے ہی نہیں

۲۔۔لال رنگ۔۔(D-visible with optical aid only) لال رنگ جہاں جہاں سے گزر رہا ہے، وہاں چاند چھ ڈگری اونچا ہے ، اور بہت ہی اعلی درجہ کا بنوکلور سے دیکھے تو ممکن ہے کہ اس کو نظر آ جائے ، یہ چاند بنوکلور (binocular) سے بھی شاذ و نادر ہی نظر آتا ہے۔۔شریعت میں اس دیکھنے پر رویت کا فیصلہ نہیں کیا جائے گا

۳۔۔گرے رنگ۔۔(C- optical aid to find moon) یہ رنگ جہاں جہاں سے گزر رہا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ وہاں چاند افق پر سات ڈگری اونچا ہے، یہ چاند بھی بنوکلور سے ہی نظر آتا ہے، آنکھ سے نہیں ،۔شریعت میں اس دیکھنے پر رویت کا فیصلہ نہیں کیا جائے گا

۴۔۔آسمانی رنگ۔۔(B-visible if perfect conditions) اس میں دو حصے ہیں ، پہلا حصہ جو دائیں طرف ہے، وہ آٹھ ڈگری ہے۔اس میں بھی بنوکلور سے چاند نظر آتا ہے، آنکھ سے نہیں۔۔شریعت میں اس دیکھنے پر رویت کا فیصلہ نہیں کیا جائے گا۔

۵۔۔آسمانی رنگ۔۔(B-visible if perfect conditions) اس کا دوسرا حصہ جو بائیں طرف ہے، اور ہرے رنگ سے قریب ہے،، یہ جہاں جہاں سے گزر رہا ہے وہاں چاند نو ڈگری اونچا ہے اور اس وقت چاند کی عمر ۱۸ گھنٹے ہو چکی ہوگی ، یہ چاند پرانے زمانے میں جو پائپ جیسی دوربین ہوتی تھی ، جس میں کوئی زیادہ ٹیکنولوجی نہیں ہوتی تھی ، اس سے چاند نظر آ سکتا ہے۔۔شریعت میں اس دیکھنے پر رویت کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے، امداد الفتاوی میں لکھا ہے اگر مطلع ابر آلود ہو تو دوبین سے چاند دیکھا ہو تو اس پر چاند کا فیصلہ کرنے کی گنجائش ہے، ضروری نہیں ہے

حضرت مفتی احمد خانپوری دامت برکاتہم نے محمود الفتاوی میں لکھا ہے، اس طرح نو ڈگری پر دیکھا ہوا چاند کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے ان کی عبارت اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

۶۔۔ہرا رنگ۔۔(A- easily visible with naked eye) بائیں جانب ہرا رنگ ہے ، جہاں جہاں سے یہ رنگ گزر رہا ہے، وہاں چاند دس ڈگری اونچا ہے، اور چاند کی عمر ۱۹ گھنٹے سے زیادہ ہے۔ یہاں آنکھ سے چاند نظر آتا ہے، اور رویت عامہ ہوتی ہے

اس سب کو سمجھنے کے لئے اوپر کا نقشہ دوبارہ دیکھیں

حضرت مفتی احمد خانپوری دامت برکاتہم مفتی مدرسہ تعلیم الدین ڈھابیل، گجرات نے محمود الفتاوی میں لکھا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ نو ڈگری پر دیکھا ہوا چاند کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے ،ان کی عبارت یہ ہے

اپنے ایک دوسرے رسالہ ''رویت ہلال'' میں تحریر فرماتے ہیں: ''حاصل اس ارشاد نبوی ﷺ کا یہ ہوا کہ تمام احکام شرعیہ جو چاند کے ہونے یا نہ ہونے سے متعلق ہیں، ان میں چاند کا ہونا یہ ہے کہ عام آنکھوں سے نظر آئے، معلوم ہوا کہ مدارِ احکام چاند کا افق پر وجود نہیں؛ بلکہ رویت ہے، اگر چاند افق پر موجود ہو؛ مگر کسی وجہ سے قابل رویت نہ ہو تو احکام شرعیہ میں وجود کا اعتبار نہ کیا جاوے گا۔ (۱۶-۱۵)

اب یہ بات کہ دور بین کے ذریعہ چاند دیکھا گیا تو اس کا اعتبار ہوگا یا نہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگر وہ چاند اس قدر تھا کہ بغیر دور بین کے دیکھنے والے بھی اگر

۲۴۶

اہتمام وتوجہ سے کام لیتے تو انہیں نظر آجاتا تو اس صورت میں دور بین سے دیکھا گیا بھی معتبر ہوگا، ورنہ نہیں؛ اس لیے کہ بعض وہ دور بین جو آفتاب کی شعاع کو انسانی نگاہ کے درمیان حائل نہیں ہونے دیتی، ان کے ذریعہ تو چاند کسی بھی تاریخ کو دیکھا جا سکتا ہے۔ (ماخوذ از رویت ہلال ۱۳)

اس فتوی میں ہے۔۔۔اس کا جواب یہ ہے کہ، اگر وہ چاند اس قدر تھا، کہ بغیر دور بین کے دیکھنے والے بھی اگر اہتمام وتوجہ سے کام لیتے تو انہیں نظر آجاتا ، تو اس صورت میں دور بین سے دیکھا گیا بھی معتبر ہوگا ، ورنہ نہیں ، اس لئے کہ بعض وہ دور بین جو آفتاب کی شعاع کو انسانی نگاہ کے درمیان حائل نہیں ہونے دیتی ، ان کے ذریعہ تو چاند کسی بھی تاریخ کو دیکھا جا سکتا ہے، (ماخوذ از رویت ہلال ص ۱۳)

اس فتوی میں ہے کہ چاند اس صورت میں افق پر ہو کہ آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کرے اور اہتمام کرے تو آنکھ سے بھی نظر آجائے ،اس دور بین کا اعتبار ہے۔۔ چاند کی یہ پوزیشن، اس وقت ہوتی ہے جب اس کی عمر اٹھارہ گھنٹے سے زائد ہو چکی ہو اور وہ افق پر نو ڈگری اونچا ہو۔۔ اسی کا اعتبار ہوگا۔۔ البتہ اس گواہی کو لینا ضروری نہیں ہے، صرف ایک گنجائش ہے

نوٹ :، جو چاند آٹھ ڈگری یا اس سے کم اونچا ہو، اور اس کی عمر ۱۶ گھنٹے یا اس سے کم ہو وہ کھلی آنکھوں سے نظر آنا ناممکن ہے اس لئے ہائی لیول کی بنوکلور سے چاند دیکھا، اس کا فوٹو بھی لے لیا، لیکن آنکھ سے نہیں دیکھا تو اس دیکھے ہوئے چاند کا اعتبار نہیں ہوگا ،اس گواہی پر چاند کا فیصلہ نہیں کیا جائے گا، اس اوپر کے فتوی میں یہی ہے۔

عرب کا ام القری کیلنڈر ایک ڈگری پر بنایا ہے اس پر کسی حال میں چاند نظر نہیں آ سکتا ہے

مراکش کو چھوڑ کر تمام عربی ممالک کا کیلنڈر ایک منٹ کے چاند پر بنتا ہے، یعنی سورج کے ایک منٹ کے بعد چاند ڈوبے تو اس شام کو پہلی تاریخ کر دی جائے گی، اور دوسرے دن پہلی تاریخ ہوگی

،ان حضرات کا فارمولہ یہ ہے the moon sets after the sun

ترجمہ : چاند سورج کے ایک منٹ کے بعد ڈوبے تو تاریخ شروع کر دی جائے گی

اور اسی فارمولے پر ام القری ویب سائٹ پر ۱۴۲۰ھ سے ۱۴۵۰ھ تک کا کیلنڈر بنا کر رکھ دیا ہے

،آپ بھی the umm al qura calendar Saudi arabia ویب سائٹ پر جا کر دیکھ سکتے ہیں

چاند ۴۵ منٹ افق پر رہے، اور ۱۰ ڈگری اونچا ہو تب ہی نظر آتا ہے اس سے پہلے نہیں۔ اس لئے عرب کے اس کیلنڈر پر چاند نظر نہیں آئے گا۔ خود ام القری کیلنڈر بنانے والے نے لکھا ہے کہ اس کیلنڈر پر ۷۰ فیصد چاند نظر نہیں آئے گا، ام القری کیلنڈر کے رولس، فارمولے کے نیچے یہ لکھا ہوا ہے،

۔ about 75% the lunar crescent will not be visible to the naked eye on the first evening of the lunar month

ترجمہ: تقریبا ۷۵ فیصد چاند کھلی آنکھوں سے نظر نہیں آئے گا

لیکن پورے عرب نے اس کیلنڈر کو قبول کیا ہے اور اسی پر اپنی تاریخ شروع کرتے ہیں

سعودی عربیہ کا ام القری کیلنڈر ۱۴۲۰ سے ۱۴۵۰ تک یہ کیلنڈر رویت سے ایک دن پہلے پر بنایا گیا ہے

Islamic year	Ra's al-Sana		Mawlid al-Nabī		Begin Fasting		ʿĪd al-Fiṭr		ʿĪd al-Aḍḥā	
	1 Muḥarram		12 Rabīʿ al Awwal		1 Ramaḍān		1 Shawwāl		10 Dhu ʾl-Ḥijja	
1420	17 Apr 1999	Sa	26 Jun 1999	Sa	9 Dec 1999	Th	8 Jan 2000	Sa	16 Mar 2000	Th
1421	6 Apr 2000	Th	14 Jun 2000	We	27 Nov 2000	Mo	27 Dec 2000	We	5 Mar 2001	Mo
1422	26 Mar 2001	Mo	4 Jun 2001	Mo	16 Nov 2001	Fr	16 Dec 2001	Su	22 Feb 2002	Fr
1423	15 Mar 2002	Fr	24 May 2002	Fr	6 Nov 2002	We	5 Dec 2002	Th	11 Feb 2003	Tu
